Washington State Department of Social & Health Services
Transforming lives

STATE OF WASHINGTON
DEPARTMENT OF SOCIAL AND HEALTH SERVICES
DIVISION OF CHILD SUPPORT (DCS)

غیر تحویلی والدین کے حقوق اور ذمہ داریاں

Noncustodial Parent's Rights and Responsibilities

شعبہ برائے معاونت طفل (DCS):

1. معاونت طفل کے احکامات اور طبی معاونت کی ذمہ داریاں تشکیل دیتا ہے اور انہیں نافذ کرتا ہے۔
2. ممکنہ ترمیم کے لئے معاونت طفل کے احکامات کا جائزہ لیتا ہے۔
3. واشنگٹن ریاست کی رجسٹری برائے معاونت (WSSR) کے ذریعے معاونت طفل کی ادائیگیاں وصول، ریکارڈ اور تقسیم کرتا ہے۔

غیر متولی والدین

آپ ایک غیر تحویلی والد/والدہ ہیں۔ غیر متولی والدین ایک فطری باپ، یا بچے کو ولدیت میں لینے والا تسلیم شدہ یا عدالتی فیصلے کے مطابق باپ، ایک فطری ماں، بچے کو زیرسایہ لینے والی تسلیم شدہ یا عدالت کے فیصلے کے مطابق ایک ایسی ماں ہے جس کے لئے ضروری ہے کہ اپنے دست نگر بچوں کو مالی معاونت فراہم کرے۔ ریاست اور وفاقی قوانین یہ ذمہ داری عائد کرتے ہیں۔

معاونت طفل کے لئے رقوم کی ادائیگی

عام طور پر آپ کو معاونت طفل کے لئے رقم ادا کرنی پڑتی ہے۔ شعبہ برائے معاونت طفل (DCS) کی جانب سے آپ کو معاونت طفل کی مد میں ادائیگی کرنے کیلئے ایک نوٹس بھیجنے کے بعد، ڈی سی ایس (DCS) آپ کے اکاؤنٹ میں ماسوائے WSSR ، ایک قبائلی عدالت یا معاونت طفل ایجنسی یا ایک اور ریاستی عدالت یا معاونت طفل ایجنسی، **ادائیگوں کو منتقل نہیں کرے گا**۔ ڈی سی ایس (DCS) دوسرے فریقین کو براہ راست ادا کردہ رقم کیلئے معاونتی آرڈر کو آپ کے اکاؤنٹ میں رقم منتقل نہیں کرے گا، ماسوائے اگر رقم ایک ایجنسی کی جانب سے ایک منحصر مستفیدی فرد کیلئے ادا کی گئی ہو، جیسا کہ سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن، محکمہ محنت و مشقت اور صنعتیں، یا معاونت طفل کی ذمہ داریوں کے مقاصد کیلئے محکمہ برائے ویٹران معاملات۔

1. اگر کوئی اور ریاست یا ٹرائبل ایجنسی برائے معانت طفل یا ریاستی یا ٹرائبل عدالت آپ سے معاونت طفل کی مد میں رقم کی ادائیگی کی درخواست کرے تو ڈی سی ایس کو فوری طور پر بتائیے۔
2. WSSR کے نیچے درج شدہ پتے کے علاوہ کسی کو بھی اپنی رقوم اس وقت تک نہ بھیجیں جب تک ڈی سی ایس آپ کو تحریری طور پر نہ بتائے کہ ہم نے آپ کا معاملہ ختم کر دیا ہے۔

آپ کے لئے ضروری ہے کہ تمام معاونتی رقوم واشنگٹن ریاست کی معاونتی رجسٹری (WSSR) کے نام پر ادا کریں۔ آپ درج ذیل طریقوں میں سے کسی بھی ایک سے ادائیگی کر سکتے ہیں:

1. پے رول تخفیف - زیادہ تر معاونتی آرڈرز ڈی سی ایس کو پے رول تخفیف کے ذریعے معاونتی رقم وصول کرنے کی اجازت دیتے ہیں یا (WSSR) کے ذریعے ادائیگی ہوتی ہے۔ اگر آپ ڈی سی ایس کو ایسا کرنے کی اجازت دیں گے تو ڈی سی ایس پے رول تخفیف کے ذریعے معاونتی رقم وصول کرنے کی کوشش کرے گا۔
2. ذاتی چیک، منی آرڈر، سرٹیفائڈ چیک، یا کیشیئر چیک۔ تمام چیک اور منی آرڈر ادائیگیاں اس پتے پر بھیجئے:
   WASHINGTON STATE SUPPORT REGISTRY
   PO BOX 45868
   OLYMPIA WA 98504-5868
3. رقم کی برقی منتقلی (EFT) ای ایف ٹی (EFT) ہر ماہ چیک یا سیونگز اکاؤنٹ سے معاونتی رقم کی ادائیگی کے لئے خود کار تخفیف کی اجازت دیتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے 800-468-7422 پر کال کریں۔
4. انٹرنیٹ۔ انٹرنیٹ کے ذریعے ادائیگی چیک یا سیونگز اکاؤنٹ سے معاونتی رقوم کی تخفیف کی اجازت دیتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے ڈی سی ایس (DCS) کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجئے https://secure.dshs.wa.gov
5. کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ۔ مزید معلومات کے لئے ڈی سی ایس (DCS) کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجئے https://www.dshs.wa.gov/esa/division-child-support/creditdebit-card-payments

اگر ناکافی سرمائے کی وجہ سے آپ کا بینک آپ کا کوئی ایک بھی چیک واپس کر دے یا ای ایف ٹی (EFT) یا انٹرنیٹ ادائیگی کو قبول کرنے میں ناکام ہو جائے تو ڈی سی ایس آئندہ صرف نقد ادائیگی، منی آرڈر، کیشیئر چیک، سرٹیفائڈ چیک یا پے رول تخفیف ہی قبول کرے گا۔

اپنی تمام ادائیگیوں اور خط و کتابت پر اپنا اکاؤنٹ نمبر شامل کریں۔ ________IN________

اگر اپنے بچوں کی مالی معاونت فراہم نہ کرنے کی کوئی قانونی وجوہات ہیں یا ڈی سی ایس نے غلطی سے آپ کو اس کاروائی میں شامل کر دیا ہے تو ڈی سی ایس (DCS) کو فوری طور پر مطلع کریں۔

اگر ڈی سی ایس (DCS) آپ کو مطلع کرتا ہے کہ ہم آپ کی معاونت کے امور واجب یا ذمہ داریوں کو معطل کر رہے ہیں، تو مستقبل میں آپ کے امور واجب یا ذمہ داریاں قابل جمع بن سکتی ہیں۔ یہ کاروائی کرنے سے پہلے، ڈی سی ایس (DCS) آپ کو مطلع کرے گا۔

اگر آپ کو کسی جیل، قید، یا اصلاحی فیسلٹی میں چھ ماہ سے زیادہ عرصے کے لئے قید کیا جاتا ہے یا سزا سنائی جاتی ہے، تو آپ کے چائلڈ سپورٹ حکم کو ہر ایک چائلڈ سپورٹ حکم کے لئے عارضی طور پر کم کر کے (گھٹا کر) فی ماہ $10 تک کیا جا سکتا ہے۔ آپ، زیر تحویل والدین، یا DCS تخفیف کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے کیس پر تخفیف کا اطلاق ہوتا ہے، تو آپ کو DCS کی طرف سے اطلاع موصول ہوگی جس میں تخفیف کی شرائط اور اتفاق نہ کرنے کی صورت میں ہر فرد کے سماعت کا مطالبہ کرنے کے حق کی وضاحت کی جائے گی۔ آپ کی رہائی کے بعد چوتھے مہینے میں یہ رقم سپورٹ حکم کے 50% تک بڑھا دی جائے گی، اور رہائی کے ایک سال بعد دوبارہ اصل رقم کا 100% ہو جائے گی۔

طبی معاونت کی ذمہ داریاں

اگر آپ کے لئے معاونتی حکم آپ کو اپنے بچوں کی طبی انشورنس کی ہدایت کرتا ہے تو ڈی سی ایس آپ کی ذمہ داریاں پوری کروانے کے لئے عملی اقدام کرے گا۔ اگر معاونتی حکم میں طبی معاونت کے لئے آپ کو نقد رقم کی ہدایت کی گئی ہے، تو ڈی سی ایس ڈالر میں رقم کا تعین کرے گا جو آپ کو ادا کرنی ہے اور وہ رقم وصول کرے گا۔

1. اگر آپ کے معاونتی حکم میں بچوں کی صحت کی انشورنس سے متعلق کسی چیز میں تبدیلی کی گئی ہے تو ڈی سی ایس کو فوری طور پر بتائیں۔
2. اگر آپ کے حکم میں ہدایت کی گئی ہے مگرآپ کو صحت کی انشورنس فراہم نہیں کی جا رہی تو نقد طبی معاونت میں طبی اخراجات کی مد میں ادا نہ کئے جانے والے خرچے کا ایک متناسب حصہ اور طبی پریمیئم شئیر (نقد رقم) شامل ہوتا ہے۔

اگر آپ کے معاونتی حکم میں ہدایت کی گئی ہے کہ غیر متولی والدین صحت کی انشورنس فراہم کریں یا غیر انشورنس شدہ طبی اخراجات ادا کریں تو آپ بچے کے لئے مکمل معاونتی خدمات نافذ کرنے کی خدمات کے لئے درخواست دے سکتے ہیں اور:

1. ڈی سی ایس سے درخواست کریں کہ متولی والدین پر صحت کی انشورنس فراہم کرنے کی ذمہ داری ڈالے۔ ہو سکتا ہے کہ ڈی سی ایس آپ کے معاملے کی نوعیت کے مطابق ذمہ داری ڈالے ۔
2. ڈی سی ایس سے درخواست کریں کہ متولی والدین سے غیر بیمہ شدہ اخراجات بشمول شریک ادائیگیاں، قابل تخفیف ادائیگیاں، اور پریمیئم WAC 388-14A-1020 کے مطابق وصول کرے۔

اگر آپ کا معاونتی حکم متولی والدین کو صحت کی انشورنس، طبی پریمیئم شئیر، یا غیر بیمہ شدہ طبی اخراجات اس طرح سے فراہم کرنے کی ہدایت نہیں کرتا جیسا کہ WAC 388-14A-1020 میں بیان کیا گیا ہے تو آپ ڈی سی ایس کو اپنے حکم میں ترمیم کے لئے جائزے کی درخواست دے سکتے ہیں یا اپنے طور پر ترمیم کے لئے پٹیشن دائر کر سکتے ہیں۔

اپیلوں کی اقسام

کانفرنس بورڈ. کانفرنس بورڈ ایک انتظامی (غیر عدالتی) ڈی سی ایس طریق کار ہے جو کئی جھگڑوں کو طے کرتا ہے، پالیسیوں کی وضاحت کرتا ہے اور حقائق واضح کرتا ہے۔

1. کانفرنس بورڈ معاونت طفل کے عدالتی احکامات اور غیر عدالتی احکامات دونوں سے متعلق معاملات کا جائزہ لے سکتا ہے۔
2. کانفرنس بورڈ آپ سے کسی ملاقات کے بغیر کوئی فیصلہ جاری کر سکتا ہے۔ اگر آپ کی ملاقات ہو تو آپ ڈی سی ایس انتظامیہ سے اپنے کیس کے متعلق بات چیت کر سکتے ہیں جو ڈی سی ایس کے گزشتہ فیصلوں کو مسترد کر سکتی ہے۔ کانفرنس بورڈ ڈی سی ایس عملے کے کئے گئے کسی اقدام کو تبدیل کر سکتا ہے مگر قانونی تقاضے کے مطابق کئے گئے کسی اقدام کو تبدیل نہیں کر سکتا۔

فیصلے کی کاروائی (سماعت). سماعت بھی ایک انتظامی (غیر عدالتی) کاروائی ہے۔ یہ سماعت کانفرنس بورڈ سے زیادہ رسمی مگر عدالتی کاروائی سے کم رسمی ہے۔

1. ریاست کا قانون کچھ حالات میں سماعت کی پیشکش کرتا ہے۔ اگر ڈی سی ایس آپ کو کوئی نوٹس بھیجتا ہے، تو اس نوٹس میں بتایا جاتا ہے کہ آپ کو سماعت کا حق حاصل ہے۔ ایک انتظامی قانونی جج (ALJ) اس سماعت کی صدارت کرتا ہے۔ یہ انتظامی قانونی جج (ALJ) ڈی سی ایس کے ملازم نہیں ہوتے۔
2. سماعت میں انتظامی قانونی جج آپ کے معاملے اور آپ کے جھگڑے سے متعلق قوانین کا جائزہ لیتا ہے۔ ڈی سی ایس کو آپ کے بچے کی معاونت کے احکامات کے نفاذ سے روکنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ نوٹس وصول کرنے کے بعد 20 دن کے اندر (اگر آپ نےیہ نوٹس واشنگٹن ریاست مینوصول کیا ہے) اور 60 دن کے اندر (اگر آپ نے یہ نوٹس واشنگٹن سے باہر وصول کیا ہے) سماعت کی درخواست کریں۔
   a. آپ 20 یا 60 یوم کی مدت کے اندر سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ مگر پھر بھی جب تک ہم سماعت کا فیصلہ وصول نہ کر لیں ڈی سی ایس آپ کے معاونتی حکم کو نافذ کرے گا۔ ڈی سی ایس سماعتی فیصلے کے انتظار کے دوران وصول کی جانے والی رقم واپس نہیں کرے گا۔
   b. اگر آپ سماعت کی درخواست نوٹس وصول کرنے کے ایک سال بعد کرتے ہیں تو آپ کو معقول وجہ ظاہر کرنا ہو گی (دیر سے درخواست دینے کی معقول وجہ)۔ ہو سکتا ہے انتظامی قانونی جج آپ کی تاخیری درخواست قبول نہ کرے۔ چاہے آپ کے پاس سماعت کی درخواست کے لئے معقول وجہ نہ ہو۔ مگر پھر بھی آپ کو آئندہ کے لئے اپنے بچے کی معاونت طفل کی ذمہ داریوں میں ترمیم کا حق ہے۔
3. آپ کو انتظامی جج کے فیصلے کی ایک نقل ارسال کر دی جائے گی۔ انتظامی جج کا فیصلہ آپ کی اپیل کے حقوق سے متعلق معلومات پر مشتمل ہو گا۔
4. جب ہم آپ کی سماعت کی درخواست وصول کریں گے تواگر مناسب ہوا تو ڈی سی ایس فریقین کوآپ کے معاونتی حکم کے بارے میں بتائے گا۔ دونوں فریق سماعت میں حصّہ لے سکتے ہیں۔

اگر کچھ پوچھنا ہے:

DIVISION OF CHILD SUPPORT
PO BOX 11520
TACOMA WA 98411-5520

اندر ________________ کالنگ ایریا ________________

بیرون ________________ کالنگ ایریا ________________

بات چیت اور سماعت سے محروم لوگوں کے لئے TTY/TDD خدمات دستیاب ہیں۔

ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں-www.dshs.wa.gov/esa/division-child-support

نسل ، رنگ، قومی شناخت، ذات، مذہب، جنس، عمر یا معذوری کی وجہ سے کسی بھی شخص کے ساتھ ملازمت، خدمات، یا کسی پروگرام کی سرگرمی میں امتیازی سلوک نہیں کیا جائے گا۔ درخواست دینے پر یہ فارم متبادل فارمیٹ میں دستیاب ہے۔